نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

صوبہ میں گندم کے پیداواری مقابلہ 2025-26 کا انعقاد

جیتنے والے کاشتکاروں کو ٹریکٹرز سمیت کروڑوں روپے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور **24 نومبر 2025** ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں گندم کے پیداواری مقابلہ جات 2025-26 کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن میں حصہ لینے والے کاشتکاروں کیلئے ٹریکٹر سمیت کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔اس سلسلے میں **صوبائی سطح پر اول انعام ٹریکٹر 85 ہارس پاور، دوئم ٹریکٹر 75 ہارس پاور اور سوئم ٹریکٹر 60 ہارس پاور** ہیں جبکہ **ضلعی سطح پر اول انعام 10 لاکھ روپے نقد انعام، دوئم 8 لاکھ روپے نقد انعام اور سوئم 5 لاکھ روپے نقد انعام** مقرر کئے گئے ہیں۔گندم کے پیداواری مقابلہ میں حصہ لینے کیلئے 5 یا 15 ایکڑ سے زائد رقبہ رکھنے والے کاشتکار درخواست دے سکتے ہیں۔اس ضمن میں شرائط وضوابط درخواست فارم پر درج ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ درخواست فارم متعلقہ تحصیل کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) اور زراعت آفیسر (توسیع) کے دفتر سے حاصل کر سکتا ہے۔اس کے علاوہ پیداواری مقابلہ میں حصہ لینے کیلئے درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔درخواست فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔یاد رہے، اس پیداواری مقابلہ میں اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری ملازمین، محکمہ زراعت پنجاب کے تمام ملازمین سمیت ترقی پسند کاشتکار جو ڈویژنل یا ضلعی کمیٹی کے اراکین مقرر ہوں حصّہ نہیں لے سکتے۔ درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 جنوری 2026 مقرر کی گئی ہے۔مزید معلومات کے لئے کاشتکار زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک رابطہ کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆